آپ اپنے بچے کے سکول میں نسل پرستی اور امتیازی سلوک کی رپورٹ کیسے کر سکتے ہیں

Urdu

آپ کے بچے کا حق ہے کہ سکول کمیونٹیوں میں اس کے ساتھ احترام، قدر اور برابری کا برتاؤ کیا جائے۔

مذہب یا نسل کی بنیاد پر امتیازی سلوک یا بدسلوکی کو برداشت نہیں کیا جاتا۔

اگر آپ ایسے بچے کے والد، والدہ یا سنبھالنے والے ہیں جسے اپنے سکول میں مذہب یا نسل کی وجہ سے امتیازی سلوک یا بدسلوکی کا تجربہ ہوا ہے یا اس نے یہ ہوتے دیکھا ہے تو ہم آپ کو اس کی رپورٹ کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔

سکول کا عملہ یہ یقینی بنا سکتا ہے کہ مناسب قدم اٹھایا جائے اور مدد فراہم کی جائے۔

شاید آپ سکول یا ریجنل آفس کو واقعے کی رسمی رپورٹ کرنا چاہیں۔

مزید معلومات کے لیے دیکھیں:
اپنے سکول کے متعلق شکایت یا تشویش کا اظہار کریں (education.vic.gov.au)

نسلی تعصّب کی رپورٹ کی ہاٹ لائن (REPORT RACISM HOTLINE) پر واقعے کی رپورٹ کریں

Report Racism Hotline
1800 722 476
report.racism@education.vic.gov.au
ہاٹ لائن عوامی تعطیلات کے سوا پیر تا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔

اگر آپ کو اپنے بچے کے سکول کو واقعے کی رپورٹ کرنا مناسب نہیں لگتا یا اگر آپ سکول کے جواب سے خوش نہیں ہیں تو آپ ڈیپارٹمنٹ کی Report Racism Hotline سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ہاٹ لائن کو کال کر کے آپ:

- شکایت کرنے کے متعلق بات چیت کر سکیں گے
- مختلف راستوں پر اور اس پر غور کر سکیں گے کہ آگے کیا کیا جائے
- ریجنل افسروں اور امدادی خدمات سے رابطہ کرنے کے لیے مدد لے سکیں گے۔

PARENTLINE کے ذریعے فون پر کاؤنسلنگ (ماہرانہ مشورہ) اور مدد حاصل کریں

Parentline
13 22 89
www.parentline.vic.gov.au
Parentline عوامی تعطیلات سمیت ہفتے کے ساتوں دن، صبح 8 بجے سے آدھی رات تک دستیاب ہے۔

شاید آپ Parentline سے رابطہ کر کے ایک تربیت یافتہ کاؤنسلر سے کاؤنسلنگ اور مدد بھی لینا چاہیں جو ڈیپارٹمنٹ سے الگ اور خودمختار ہوتا ہے۔

Parentline نوزائیدہ بچوں سے لے کر 18 سال عمر تک کے بچوں کے والدین اور سنبھالنے والوں کے لیے کاؤنسلنگ کی رازدارانہ اور نام پوشیدہ رکھتے ہوئے بات کرنے کی ٹیلیفون سروس ہے۔

کاؤنسلرز بچوں کی پرورش سے متعلق بہت سے مسائل پر بات کرنے کے لیے دستیاب ہیں جن میں سکول میں امتیازی سلوک یا بدسلوکی بھی شامل ہے۔

کارآمد معلومات

سکولوں میں مذہب یا نسل کی وجہ سے امتیازی سلوک یا بدسلوکی کی رپورٹ کرنے کے متعلق مزید معلومات کے لیے دیکھیں:
سکولوں میں نسل پرستی یا مذہب کی وجہ سے امتیازی سلوک کی رپورٹ کریں (education.vic.gov.au)

بلنگ (ستائے جانے) اور نسلی بنیادوں پر بلنگ سے نبٹنے کے لیے مزید معلومات اور وسائل کے لیے دیکھیں:
بلنگ کرنے والوں کو روکنے والے (education.vic.gov.au)

تحریری اور زبانی ترجمے کی قومی سروس (TIS)

Interpreter

جن والدین یا سنبھالنے والوں کو زبانی ترجمےکی ضرورت ہو وہ 50 14 13 پر تحریری اور زبانی ترجمے کی قومی سروس (TIS) کو کال کر کے ڈیپارٹمنٹ یا Parentline سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

THE EDUCATION STATE

VICTORIA State Government | Education and Training